# سوال

(401)آپ کے بھائی کا آپ کی بیوی کی بہن کے ساتھ دودھ پینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کے بڑے بھائی نے اس کی بیوی کی ماں کی طرف سے بہن کے ساتھ ملکر دودھ پیا تھا کیا اس رضاعت کا اس کی بہن کے نکاح پر اثر پڑیگا؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سائل کے بڑے بھائی کا اس کی بیوی کی ماں کی طرف سے بہن کے ساتھ ملکر دودھ پینے کا اس کی بیوی کے اس کے ساتھ نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑیگا کیونکہ اس کی بیوی اس کے بھائی کی رضاعی بہن ہونے کی وجہ سے اس پر حرام نہیں ہوگی 'ہاں البتہ وہ اس کے بھائی کیلیئے حرام ہوگی بشرطیکہ دودھ پانچ یا اس سے زیادہ رضعات دوسال کی عمر کے اندر پیا ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

**ج3ص369**

محدث فتویٰ